INTERLOOP

31 ویں سالانہ اجلاس عام کی اطلاع

بذریعہ ہذا اطلاع دی جاتی ہے کہ انٹرلوپ لمیٹڈ ("کمپنی") کا 31 واں سالانہ اجلاس عام (AGM) بروز جمعہ 13 اکتوبر، 2023 کو صبح 10:00 بجے انٹرلوپ ایگزیکٹیو کلب، انٹرلوپ انڈسٹریل پارک واقع 7-KM کھڑیانوالہ - جڑانوالہ روڈ، کھڑیانوالہ، فیصل آباد منعقد ہوگا جس میں مندرجہ ذیل امور نمٹائے جائیں گے۔

عمومی امور:

1. کمپنی کے 18 اکتوبر، 2022 کو منعقد ہونے والے گزشتہ سالانہ اجلاس عام (AGM) کی کارروائی کی توثیق کرنا۔
2. 30 جون، 2023 کو ختم ہونے والے سال کے لیے کمپنی کے سالانہ آڈٹ شدہ مالی گوشواروں کی وصولی، غور وخوض اور منظوری دینا اور اس کے ساتھ اس بارے میں آڈیٹرز اور ڈائریکٹرز رپورٹ اور چیئرمین کی جائزہ رپورٹ۔
3. 30 جون، 2023 کو ختم ہونے والے سال کے لیے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی سفارش کے مطابق 20% کی شرح یعنی 2 روپے فی شیئر کی شرح سے حتمی نقد منافع منقسمہ کی منظوری دینا۔
4. مالی سال 24-2023 کے لیے آڈیٹرز کا تقرر اور ان کا معاوضہ طے کرنا۔ ممبرز کو مطلع کیا جاتا ہے کہ آڈٹ کمیٹی اور بورڈ آف ڈائریکٹرز نے سبکدوش ہونے والے آڈیٹرز، میسرز کریسٹن حیدر بھیم جی اینڈ کمپنی، چارٹرڈ اکاؤنٹینٹس کو دوبارہ کمپنی کے آڈیٹرز کی حیثیت سے مقرر کرنے کی سفارش کی ہے۔
5. کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن (1)159 کے مطابق 22 اکتوبر، 2023 سے شروع ہونے والی تین (3) سالہ مدت کے لیے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی طرف سے مقرر کردہ کمپنی کے نو (9) ڈائریکٹرز کو منتخب کرنا۔ سبکدوش ہونے والے ڈائریکٹرز کے نام جو دوبارہ انتخاب کے لیے اہل ہیں، مندرجہ ذیل ہیں:

1) جناب مصدق ذوالقرنین
2) جناب نوید فاضل
3) جناب جہانزیب خان بانتھ
4) جناب محمد مقصود
5) محترمہ شیریں آفتاب
6) جناب سعید احمد جبل
7) جناب طارق اقبال خان

(کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن (3)166 کے تحت ڈائریکٹرز کے انتخاب سے متعلق سٹیٹمنٹ اس نوٹس کے ساتھ منسلک ہے)

6. عبوری بونس شیئرز کی توثیق کرنا، جو 30 جون، 2023 کو ختم ہونے والے سال کے لیے ہر سو (100) ملکیتی شیئرز پر پچاس (50) شیئرز یعنی 50% کے تناسب سے جو پہلے ہی جاری اور کریڈٹ کیے جا چکے ہیں اور ممبرز کے فریکشنل استحقاق جو سالم شیئرز میں مربوط کیے گئے اور سٹاک مارکیٹ میں فروخت کر دیئے گئے اور جن کی فروخت سے حاصل شدہ رقم ایک خیراتی ادارے کو عطیہ کر دی گئی، جیسا کہ قانون کے تحت اجازت ہے۔

قرار طے پایا کہ ہر ایک سو (100) ملکیتی شیئرز پر پچاس (50) شیئرز یعنی پچاس فیصد (50%) کے تناسب سے عبوری بونس شیئرز جو 30 جون، 2023 کو ختم ہونے والے سال کے لیے پہلے ہی جاری اور CDS میں کریڈٹ کیے جا چکے ہیں اور ممبرز کے فریکشنل استحقاق جو سالم شیئرز میں مربوط اور سٹاک مارکیٹ میں فروخت کر دیئے گئے، جن کی فروخت سے حاصل ہونے والی رقم ایک خیراتی ادارے کو عطیہ کر دی گئی، جس کی قانون کے تحت اجازت ہے اور جس کی بورڈ آف ڈائریکٹرز نے 09 جون، 2023 کو منعقدہ اپنے اجلاس میں منظوری دی تھی، کی توثیق وتصدیق کی جائے اور بذریعہ ہذا کی جاتی ہے۔

خصوصی امور:

7. کمپنی کو انٹرلوپ لمیٹڈ کا منظور شدہ شیئر کیپیٹل بڑھانے کا اختیار دینے اور دیگر درکار منظوریوں، اگر کوئی ہوں، سے مشروط، کمپنی کے میمورینڈم آف ایسوسی ایشن میں ضروری ترامیم کرنے کے لیے کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن 85 کے حوالے سے خصوصی قرارداد پر غور کرنا اور اگر مناسب خیال کیا جائے تو کسی ردوبدل کے ساتھ یا بغیر اس کو منظور کرنا:

قرار طے پایا کہ کمپنی کا منظور شدہ شیئر کیپیٹل 10 روپے (دس روپے) فی کے 1,500,000,000 (ایک بلین پانچ سو ملین) آرڈینری شیئرز میں منقسم 15,000,000,000 روپے (مبلغ پندرہ بلین روپے صرف) سے بڑھا کر 10 روپے (دس روپے) فی کے 5,000,000,000 (پانچ بلین) آرڈینری شیئرز میں منقسم 50,000,000,000 (مبلغ پچاس بلین روپے صرف) کر دیا جائے اور کیا جاتا ہے۔ یہ ہر لحاظ سے کمپنی کے موجودہ آرڈینری شیئرز کے برابر ہوں گے۔

مزید قرار طے پایا کہ کمپنی کے منظور شدہ کیپیٹل میں اس اضافے کے بعد کسی بھی ایسی تبدیلیوں سے مشروط جو سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی ضرورت ہوں اور قابل اطلاق قوانین کے تحت درکار رسمی کارروائیوں/ طریقہ کار کی تکمیل سے مشروط، کمپنی کے میمورینڈم آف ایسوسی ایشن (MOA) کی موجودہ شق V کو تبدیل کر دیا جائے اور بذریعہ ہذا کیا جاتا ہے۔ تبدیلی کے بعد مندرجہ ذیل شق V کو اس طرح پڑھا جائے گا؛

میمورینڈم آف ایسوسی ایشن کی شق V:

" کمپنی کا مجاز سرمایہ -/10 روپے (دس روپے) فی کے 5,000,000,000 (پانچ بلین) آرڈینری شیئرز میں منقسم -/50,000,000,000 روپے (مبلغ پچاس بلین روپے صرف) ہے، جس کے ساتھ ایسے ترجیحی، التوائی، کوالیفائیڈ یا خصوصی حقوق، مراعات اور شرائط منسلک ہیں، جن کا ذکر کمپنی کے آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن میں کیا گیا ہے یا وہ کمپنیز ایکٹ، 2017 سے مطابقت رکھتی ہیں اور ان حقوق، مراعات اور شرائط کو اس طریقے سے مختلف، تبدیل یا منسوخ کرتی ہیں جیسا کہ کمپنیز ایکٹ، 2017 کی رو سے اجازت دی گئی ہے اور سرمائے کو بڑھانا اور/ یا کم کرنا اور شیئرز کو کیپیٹل میں تقسیم کرنا، ان کی کئی لحاظ سے درجہ بندی کرنا اور شیئرز کو مربوط یا ان کی ذیلی تقسیم کرنا اور زیادہ یا کم فرق کے شیئرز جاری کرنا"۔

مزید قرار طے پایا کہ چیف ایگزیکٹو آفیسر جناب نوید فاضل اور کمپنی سیکریٹری جناب رانا علی رضا کو ایسے تمام کام، افعال، اور چیزیں کرنے، تمام قانونی کارروائیوں کی تکمیل کے لیے کوئی یا تمام ضروری اقدامات اٹھانے اور ایسی تمام دستاویزات جمع کروانے کا اختیار دیا جائے اور بذریعہ ہذا دیا جاتا ہے، جو مذکورہ بالا قرارداد پر عمل درآمد کے مقصد کے لیے ضروری یا اتفاقی ہو، اس کے علاوہ کوئی اور عمل یا قدم جو مذکورہ بالا کاموں کے لیے تائیدی اور/ یا اتفاقی ہو اور مذکورہ بالا قراردادوں کا مقصد کلی طور پر حاصل کرنے کے لیے ضروری ہو۔

8. بورڈ آف ڈائریکٹرز کی سفارش پر، محفوظات کے استعمال سے متعلق کمپنی کے آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن کی دفعات کو کسی تبدیلی، اضافے یا احذاف کے ساتھ یا بغیر، درکار منظوریوں سے مشروط، اگر کوئی ہو، مندرجہ ذیل قرارداد پر غور اور اگر مناسب سمجھا جائے تو اس کو خصوصی قرارداد کی حیثیت سے منظور کرنا۔

قرار طے پایا کہ کمپنی کے ممبرز اس بارے میں منظوری دیں اور بذریعہ ہذا دی جاتی ہے کہ کمپنی کا بورڈ آف ڈائریکٹرز یہ قرار دے کہ کسی ایسی رقم کے کسی حصے کو استعمال کرنا ضروری ہے جو فی الوقت کمپنی کے کسی محفوظ اکاؤنٹ میں ہے یا جو نفع نقصان کھاتے میں ہے یا کسی دوسری تقسیم کے لیے دستیاب ہے اور اس رقم کو ایسے ممبرز میں تقسیم کے لیے الگ کر دیا جائے، جو اس صورت میں اس کے مستحق ہوئے کہ یہ ان میں منافع منقسمہ کی حیثیت سے تقسیم کی گئی اور اسی تناسب سے اور اس شرط کے ساتھ تقسیم کی گئی کہ یہ نقد میں تقسیم نہیں کی جائے گی بلکہ یہ کمپنی کے بونس شیئرز یا debentures کی حیثیت سے ایسے ممبرز میں مذکورہ بالا تناسب سے مکمل غیر جاری شدہ شیئرز کے لیے استعمال میں لائی گئی یا اس مقصد کے لیے ادا کی گئی اور ڈائریکٹرز اس قرارداد کو موثر بنائیں گے۔

مزید قرار طے پایا کہ جب بھی کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی طرف سے اس قسم کی قرارداد، جس کا اوپر ذکر کیا گیا ہے، منظور کی جائے گی ڈائریکٹرز، کو اس غیر تقسیم شدہ منافع، جو استعمال کیا جائے گا کی تمام تر تخصیص اور اطلاق اور تمام الاٹمنٹس اور مکمل ادا شدہ شیئرز یا debuntures اگر کوئی ہوں، جاری کرنے کا اختیار حاصل ہوگا اور وہ عام طور پر ایسے تمام افعال اور کام انجام دے گا جو اسے موثر بنانے کے لیے ضروری ہوں گے۔

مزید قرار طے پایا کہ کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کو مذکورہ بالا اختیارات ملنے کے بعد کمپنی کے آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن کے موجودہ آرٹیکل 129 کو 129A اور 129B سے تبدیل کر دیا جائے اور بذریعہ ہذا تبدیل کیا جاتا ہے، اب یہ مندرجہ ذیل کی طرح پڑھا جائے گا۔

آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن کا آرٹیکل 129A:

" کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز یہ قرار دے سکتے ہیں کہ ایسی رقم کے کسی حصے کو استعمال کرنا ضروری ہے جو فی الوقت کمپنی کے کسی محفوظ اکاؤنٹ میں ہے یا جو نفع ونقصان کھاتے میں ہے یا کسی دوسری تقسیم کے لیے دستیاب ہے اور اس رقم کو ایسے ممبرز میں تقسیم کے لیے الگ کر دیا جائے، جو اس صورت میں اس کے مستحق ہوئے کہ یہ ان میں منافع منقسمہ کی حیثیت سے تقسیم کی گئی اور اسی تناسب سے اور اس شرط کے ساتھ تقسیم کی گئی کہ یہ نقد میں تقسیم نہیں کی جائے گی بلکہ یہ کمپنی کے بونس شیئرز یا debentures کی حیثیت سے ایسے ممبرز میں مذکورہ بالا تناسب سے مکمل غیر جاری شدہ شیئرز کے لیے استعمال میں لائی گئی یا اس مقصد کے لیے ادا کی گئی اور ڈائریکٹرز اس قرارداد کو موثر بنائیں گے"۔

آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن کا آرٹیکل 129B:

" کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی طرف سے جب بھی اس قسم کی قرارداد، جس کا اوپر ذکر کیا گیا ہے، منظور کی جائے گی ڈائریکٹرز، کو اس غیر تقسیم شدہ منافع، جو استعمال کیا جائے گا، کی تمام تر تخصیص اور اطلاق اور تمام الاٹمنٹس اور مکمل ادا شدہ شیئرز یا debuntures اگر کوئی ہوں، جاری کرنے کا اختیار حاصل ہوگا اور وہ عام طور پر ایسے تمام افعال اور کام انجام دے گا جو اسے موثر بنانے کے لیے ضروری ہوں گے۔

مزید قرار طے پایا کہ چیف ایگزیکٹو آفیسر جناب نوید فاضل اور کمپنی سیکریٹری جناب رانا علی رضا کو ایسے تمام کام، افعال، اور چیزیں کرنے، تمام قانونی کارروائیوں کی تکمیل کے لیے کوئی یا تمام ضروری اقدامات اٹھانے اور ایسی تمام دستاویزات جمع کروانے کا اختیار دیا جائے اور بذریعہ ہذا دیا جاتا ہے، جو مذکورہ بالا قرارداد پر عمل درآمد کے مقصد کے لیے ضروری یا اتفاقی ہو، اس کے علاوہ کوئی اور عمل یا قدم جو مذکورہ بالا کاموں کے لیے تائیدی اور/ یا اتفاقی ہو اور مذکورہ بالا قراردادوں کا مقصد کلی طور پر حاصل کرنے کے لیے ضروری ہو۔

9. کمپنی کو کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن (6)223، 2023 / S.R.O 389(I) مورخہ 21 مارچ، 2023 کے ساتھ ملا کر پڑھا جائے کی مطابقت سے کمپنی کے ممبرز کو سالانہ رپورٹ (بشمول آڈٹ شدہ مالی حسابات، آڈیٹرز رپورٹ، ڈائریکٹرز رپورٹ، چیئرمین کی جائزہ رپورٹ) بذریعہ QR enabled کوڈ اور ویب لنک بھیجنے کے قابل بنانے کے لیے مندرجہ ذیل قرارداد پر غور کرنا اور اگر مناسب سمجھا جائے تو اس کو کسی ردوبدل، اضافے یا احذاف کے ساتھ یا بغیر خصوصی قرارداد کی حیثیت سے منظور کرنا۔

قرار طے پایا کہ کمپنی، سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی طرف سے جاری کردہ 2023/ (I) S.R.O 389 کے مطابق سالانہ رپورٹ بشمول آڈٹ شدہ مالی حسابات، آڈیٹرز رپورٹ، ڈائریکٹرز کی رپورٹ، چیئرمین کی جائزہ رپورٹ اور اس میں شامل دیگر رپورٹس کمپنی کے ممبرز کو QR enabled کوڈ اور ویب لنک کے ذریعے ارسال کرنے کی مجاز ہو اور بذریعہ ہذا اسے یہ اختیار دیا جاتا ہے اور یہ کہ سالانہ رپورٹ CD / USB کے ذریعے بھیجنے کا طریقہ ختم کر دیا جائے۔

مزید قرار طے پایا کہ چیف ایگزیکٹو آفیسر جناب نوید فاضل اور کمپنی سیکریٹری جناب رانا علی رضا کو ایسے تمام کام، افعال، اور چیزیں کرنے، تمام قانونی کارروائیوں کی تکمیل کے لیے کوئی یا تمام ضروری اقدامات اٹھانے اور ایسی تمام دستاویزات جمع کروانے کا اختیار دیا جائے اور بذریعہ ہذا دیا جاتا ہے، جو مذکورہ بالا قرارداد پر عمل درآمد کے مقصد کے لیے ضروری یا اتفاقی ہو، اس کے علاوہ کوئی اور عمل یا قدم جو مذکورہ بالا کاموں کے لیے تائیدی اور/ یا اتفاقی ہو اور مذکورہ بالا قراردادوں کا مقصد کلی طور پر حاصل کرنے کے لیے ضروری ہو۔

10. انٹرلوپ لمیٹڈ ایمپلائز سٹاک آپشن سکیم، 2016 (ESOS) میں ترمیم پر غور کرنا اور اگر مناسب سمجھا جائے تو مندرجہ ذیل قرارداد کو کسی تبدیلی کے ساتھ یا بغیر خصوصی قرارداد کی حیثیت سے منظور کرنا۔

قرار طے پایا کہ تمام مطلوبہ منظوریوں، اگر کوئی ہوں، سے مشروط ESOS کی شق 10 میں مندرجہ ذیل نئی ذیلی شق شامل کرتے ہوئے اس میں ترمیم کی جائے اور بذریعہ ہذا یہ ترمیم کی جاتی ہے:

"10.2 مارکیٹ کی مایوس کن صورت حال کے باعث، جیسا کہ اس میں کہا گیا ہے، محفوظ بنایا جائے، اور اگر ایکسر سائز پرائس موافق اور دلکش نہ ہو تو کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کو الاٹ کرنے کے فیصلے کے دن مارکیٹ کی کلوزنگ پرائس پر تمام آپشنز کی %10- تک از سرنو قیمت مقرر کرنے کا اختیار ہوگا"۔

مزید قرار طے پایا کہ ترمیم شدہ انٹرلوپ لمیٹڈ ایمپلائز سٹاک آپشن سکیم، 2016 مذکورہ بالا ترمیم شامل کرتے ہوئے منظور کی جائے اور بذریعہ ہذا منظور کی جاتی ہے۔

مزید قرار طے پایا کہ چیف ایگزیکٹو آفیسر جناب نوید فاضل اور کمپنی سیکریٹری جناب رانا علی رضا کو ایسے تمام کام، افعال، اور چیزیں کرنے، تمام قانونی کارروائیوں کی تکمیل کے لیے کوئی یا تمام ضروری اقدامات اٹھانے اور ایسی تمام دستاویزات جمع کروانے کا اختیار دیا جائے اور بذریعہ ہذا دیا جاتا ہے، جو مذکورہ بالا قرارداد پر عمل درآمد کے مقصد کے لیے ضروری یا اتفاقی ہو، اس کے علاوہ کوئی اور عمل یا قدم جو مذکورہ بالا کاموں کے لیے تائیدی اور/ یا اتفاقی ہو اور مذکورہ بالا قراردادوں کا مقصد کلی طور پر حاصل کرنے کے لیے ضروری ہو۔

11. مندرجہ ذیل قرارداد پر غور کرنا اور اگر مناسب سمجھا جائے تو کسی ردوبدل، اضافے یا تحریف کے ساتھ یا بغیر عام قرارداد کی حیثیت سے اسے منظور کرنا:

قرار طے پایا کہ ٹارگٹ کمپنی یعنی ٹاپ سرکل ہوزری ملز کمپنی، انکارپوریشن (ٹاپ)، یوایس اے اور بعد میں اس کے 64% ایکوئٹی سٹیک کے حصول کے لیے، اُن شرائط وضوابط پر جن پر دونوں فریق باہمی طور پر رضامند ہوں گے طویل المدت ایکوئٹی سرمایہ کاری کرنے کے لیے، جو ریاست ہائے متحدہ امریکا کے قوانین کے تحت انکارپوریٹیڈ ہے، جہاں یہ رجسٹرڈ ہے، تمام قابل اطلاق ریگولیٹری اور کارپوریٹ منظوریوں، جو بھی درکار ہوں، سے مشروط کمپنی کی منظوری حاصل کی جائے اور بذریعہ ہذا یہ منظوری دی جاتی ہے۔

مزید قرار طے پایا کہ ان مقاصد کے لیے کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز، کو بشمول ان کے مندوبین/ ایجنٹس اور/ یا قانونی مشیر، یہ اختیار دیا جا رہا ہے کہ وہ ایسے تمام کام، افعال، اور معاملات انجام دیں اور بشمول معاہدے (معاہدوں) پر دستخط کرنے اور ان پر عمل کروانے، بشمول شیئر پرچیز ایگریمنٹس، شیئر ہولڈرز ایگریمنٹس ("ایگریمنٹس") اور کسی بھی دوسری دستاویز جو دونوں ملکوں کے قابل اطلاق قانون کے حوالے سے ان کے مخصوص فارمیٹس کے مطابق درکار ہو اور جیسا کہ ریگولیٹری حکام کی طرف سے منظوری دی گئی ہو پر دستخط اور عمل کروانے سمیت تمام ضروی اقدامات کریں، ایسی تمام قانونی کارروائیاں مکمل کریں جو مذکورہ بالا قراردادوں پر عمل درآمد کے مقصد کے لیے ضروری یا ناگزیر ہوں اور کمپنی اور اس کے شیئر ہولڈرز کے بہترین مفاد میں ہوں۔

مزید قرار طے پایا کہ کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کو بشمول کمپنی کے چیف ایگزیکٹو آفیسر اور ان کے مندوبین/ ایجنٹس اور/ یا قانونی مشیر کو مزید یہ اختیار دیا جا رہا ہے کہ وہ معاہدوں کو موثر بنانے اور/ یا کمپنی کی طرف سے ان پر عمل کروانے اور فراہم کرنے کے لیے تمام ضروری یا اتفاقی امور انجام دیں اور معاہدوں کو موثر بنانے اور حصول کے لیے ضروری یا درکار کسی یا تمام دستاویزات اور سمجھوتوں کو جو دونوں ملکوں کے ریگولیٹری حکام کی ضرورت ہوں جمع یا پیش کریں اور حصول کو مکمل کریں، بشمول معاہدوں کی شرائط اور/ یا ان معاہدوں میں کسی ترمیم، تبدیلی یا ردوبدل پر بات چیت کریں، بشرطیکہ یہ ترامیم، تبدیلیاں، یا ردوبدل کمپنی اور اس کے شیئر ہولڈرز کے بہترین مفاد میں ہوں۔

12. کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشنز 207 اور/ یا 208 کے مطابق مندرجہ ذیل قرارداد پر غور اور اگر مناسب سمجھا جائے تو کسی ردوبدل کے ساتھ یا بغیر اسے خصوصی قرارداد کی حیثیت سے منظور کرنا

قرار طے پایا کہ کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشنز 207 اور 208 کی دفعات کے مطابق، کمپنی کے ممبرز کی طرف سے منظوری دی جائے اور بذریعہ ہذا دی جاتی ہے کہ کمپنی کا بورڈ آف ڈائریکٹرز، انٹرلوپ ہولڈنگز (پرائیویٹ) لمیٹڈ (انٹرلوپ کے ایسوسی ایٹ) کی کل ملکیتی سبسڈری میسرز سوکس اینڈ سوکس (پرائیویٹ) لمیٹڈ کے ساتھ مشینری، زمین اور عمارت اور دوسرے فکسڈ اثاثوں سمیت اس کا پراڈکشن پلانٹ خریدنے کے لیے تمام متعلقہ ریگولیٹری اتھارٹیز کی منظوری سے مشروط، ایک ایسیٹ پرچیز ایگریمنٹ (APA) کرے۔

مزید قرار طے پایا کہ چیف ایگزیکٹو آفیسر جناب نوید فاضل اور کمپنی سیکریٹری جناب رانا علی رضا مشترکہ طور پر اور / یا الگ الگ با اختیار ہوں اور بذریعہ ہذا انھیں یہ اختیار دیا جاتا ہے کہ وہ اثاثوں کی خریداری، تمام مطلوبہ ریگولیٹری منظوریوں کے حصول، مذکورہ بالا کے مقاصد کے حصول کے لیے قانونی مشیر (مشیروں) اور دوسرے کنسلٹنٹس کی خدمات حاصل کرنے، مطلوبہ درخواست (درخواستیں)، دیگر قانونی فارم اور تمام دوسری دستاویزات داخل کرنے جو ایس ای سی پی یا کسی دوسری اتھارٹی کے پاس جمع کرانے کی ضرورت ہو، ایسی تمام دستاویزات جمع کرانے، جن کی ضرورت ہو، اثاثوں کے حصول اور ان کی رجسٹریشن کے لیے تمام ضروری سمجھوتوں، ڈیڈز اور دستاویزات کو روبہ عمل لانے (قابل اطلاق حد تک) اور دوسرے تمام معاملات اتفاقی یا تائیدی کے لیے تمام ضروری اقدامات کریں۔

مزید قرار طے پایا کہ اگر ایس ای سی پی اور/ یا کسی دوسری مجاز اتھارٹی کی طرف سے کسی غلطی، صرفِ نظر یا کوتاہی کی نشان دہی کی جائے یا ایس ای سی پی اور/ یا کسی مجاز اتھارٹی کو مذکورہ بالا قرارداد (قراردادوں) میں کسی ترمیم، ردوبدل، اضافے یا احذاف کی ضرورت ہو تو چیف ایگزیکٹو اور/ یا کمپنی سیکریٹری کو مشترکہ طور پر اور الگ الگ یہ اختیار حاصل ہو اور بذریعہ ہذا یہ اختیار دیا جاتا ہے کہ وہ ممبرز کی منظوری کی ضرورت کے بغیر ایسی ترمیم، تبدیلی، اضافہ یا تحریف کریں، جیسا کہ ضرورت ہو۔

13. کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن 207 اور/ یا 208 (جس حد تک بھی قابل اطلاق ہو) کے ضمن میں تعلق دار فریقوں سے لین دین / کیے جانے والے انتظامات / یا جو کیے جانے ہیں، کے حوالے سے مندرجہ ذیل قرارداد پر غور کرنا اور اگر مناسب سمجھا جائے تو کسی ردوبدل کے بغیر یا ساتھ اس کی توثیق کرنا اور منظوری دینا (جو بھی صورت ہو)۔

قرار طے پایا کہ 30 جون، 2023 کو ختم ہونے والے سال کے دوران تعلق دار فریقوں کے ساتھ کیے جانے والے لین دین کی، جیسا کہ مذکورہ مدت کے لیے کمپنی کے آڈٹ شدہ مالی حسابات کے Note 43 میں منکشف کیا گیا ہے، توثیق کی جائے اور منظوری دی جائے اور بذریعہ ہذا یہ توثیق کی جاتی ہے اور منظوری دی جاتی ہے۔

مزید قرار طے پایا کہ کمپنی 30 جون، 2024 کو ختم ہونے والے مالی سال کے دوران تعلق دار فریقوں کے ساتھ اس حد تک گڈز، کموڈیٹیز، اور میٹریلز کی خرید وفروخت، بشمول مگر اسی حد تک محدود نہیں، خدمات کی فراہمی یا شیئر سبسکرپشن کے لیے، جسے بورڈ آف ڈائریکٹرز مناسب سمجھے اور/ یا اس کی منظوری دے، انتظامات کرنے یا وقتاً فوقتاً لین دین کرنے کی مجاز ہو اور بذریعہ ہذا اسے یہ اختیار دیا جاتا ہے۔ ممبرز نے یہ بات نوٹ کی کہ مذکورہ بالا انتظامات اور لین دین میں بعض ڈائریکٹرز یا ان کی اکثریت کی دلچسپی ہو سکتی ہے۔ اس کے باوجود ممبرز، بورڈ آڈٹ کمیٹی بورڈ آف ڈائریکٹرز کی طرف سے بشمول کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن 207 اور / یا 208 کے تحت (جس حد تک بھی قابل اطلاق ہو) وقتاً فوقتاً منظور کردہ تمام تعلق دار فریقوں کے ساتھ لین دین کا جائزہ لینے کے لیے بذریعہ ہذا پیشگی اختیار اور منظوری دیتے ہیں۔

مزید قرار طے پایا کہ 30 جون، 2024 کو ختم ہونے والی مدت کے لیے تعلق دار فریق سے لین دین ممبرز کی طرف سے منظور شدہ تصور کیا جائے گا اور اگر ضرورت ہوئی تو اسے توثیق اور منظوری کے لیے اگلے سالانہ اجلاس عام میں ممبرز کے سامنے پیش کیا جائے گا۔

(اس گزارشات کے ساتھ مذکورہ بالا خصوصی کارروائی پر محیط مادی حقائق کا سٹیٹمنٹ منسلک ہے، جیسا کہ کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن (3)134 کے تحت ضروری ہے)

دیگر امور:

14. صاحب صدر کی اجازت سے کوئی اور کارروائی نمٹانا۔

بحکم بورڈ
(رانا علی رضا)
کمپنی سیکریٹری

بمقام: فیصل آباد
بتاریخ: 21 ستمبر، 2023

گزارشات:

1. **شیئر ٹرانسفر بُکس کا بند ہونا** کمپنی کی شیئر ٹرانسفر بکس 06 اکتوبر، 2023 سے 13 اکتوبر، 2023 (بشمول دونوں دن) تک بند رہیں گی۔ منتقلی کی جو درخواستیں تجویز کردہ فارمیٹ پر 05 اکتوبر، 2023 کو کاروباری اوقات بند ہونے سے پہلے کمپنی کے شیئر رجسٹرار، میسرز سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، سی ڈی سی ہاؤس B-99، بلاک B، ایس ایم سی ایچ ایس، مین شاہراہِ فیصل، کراچی- 74400 کو موصول ہو جائیں گی، وہ ٹرانسفریز کے مذکورہ بالا اور/ یا سالانہ اجلاس عام میں شرکت کے استحقاق کے لیے بروقت سمجھی جائیں گی۔

2. **AGM کی کارروائی میں ورچوئل شرکت** سالانہ اجلاس عام میں ورچوئل شرکت کے خواہش مند شیئر ہولڈرز کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ aliraza.rana@interloop.com.pk یا aliraza.ca@gmail.com پر ای میل کے ذریعے مندرجہ ذیل معلومات فراہم کر کے خود کو رجسٹرڈ کروائیں۔

شیئر ہولڈر کا نام	سی این آئی سی نمبر	فولیو نمبر/CDC اکاؤنٹ نمبر	شیئرز کی تعداد	رابطہ نمبر	ای میل ایڈریس

آن لائن اجلاس کا لنک اور لاگ اِن کریڈنشلز صرف اُن ممبرز کے ساتھ شیئر کیے جائیں گے جن کے مطلوبہ کوائف پر مشتمل ای میلز جمعرات 12 اکتوبر 2023 کو کاروبار بند ہونے تک دیئے گئے ای میل ایڈریس پر موصول ہو جائیں گی۔ لاگ اِن کی سہولت 13 اکتوبر، 2023 کو صبح 9:30 بجے سے اجلاس شروع ہونے تک کھلی رہے گی۔

3. **ڈائریکٹرز کا انتخاب** کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن (1)159 کے مطابق بورڈ آف ڈائریکٹرز نے منتخب ڈائریکٹرز کی تعداد نو (9) مقرر کی ہے جنھیں سالانہ اجلاس عام میں 22 اکتوبر، 2023 سے شروع ہونے والی اگلی تین سالہ میعاد کے لیے منتخب کیا جائے گا۔

کوئی بھی شخص جو ڈائریکٹرز کا الیکشن لڑنے کا/ کی خواہش مند ہو، خواہ وہ سبکدوش ہو رہا/ رہی ہو یا دوسری صورت میں، مذکورہ اجلاس سے کم از کم چودہ دن پہلے کمپنی کو اس کے رجسٹرڈ دفتر میں مندرجہ ذیل دستاویزات اور معلومات جمع کرائے۔

a) اپنا فولیو نمبر/ سی ڈی سی انویسٹرز اکاؤنٹ نمبر/ سی ڈی سی پارٹیسپیمنٹ نمبر/ سب- اکاؤنٹ نمبر۔
b) کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن (3)159 کے مطابق خود کو ڈائریکٹرز کے انتخاب کے لیے پیش کرنے کے ارادے کا نوٹس۔
c) کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن 167 کے تحت فارم 28 پر ڈائریکٹر کی حیثیت سے کام کرنے پر رضامندی۔
d) کمپنی کی ویب سائیٹ www.interloop-pk.com پر ڈالنے کے لیے اپنے دفتر کے پتے کے ساتھ تفصیلی پروفائل۔
e) انڈیپنڈنٹ ڈائریکٹرز کا سلیکشن کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن 166 کے تقاضوں کے مطابق اور لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشنز، 2019 کی شق (3)6 کے تحت ہوگا۔ انڈیپنڈنٹ ڈائریکٹر کی حیثیت سے انتخاب میں حصہ لینے کا خواہش مند ممبران جوڈیشل اسٹامپ پیپر پر یہ اقرار نامہ پیش کرے گا/ کرے گی کہ وہ کمپنیز ایکٹ، 2017 کے تحت نوٹیفائیڈ اور ان کی مطابقت سے جاری کردہ قواعد وضوابط کی رو سے اہلیت اور غیر جانبداری کے طریقہ کار پر پورا اترتا/ اترتی ہے۔
f) دیگر عہدوں / ڈائریکٹرشپس اور عہدوں کی تفصیل
g) کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) کی ایک تصدیق شدہ کاپی
h) یہ اقرار نامہ کہ:
  i. وہ کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن 153 اور کسی دوسرے قابل اطلاق قانون، قواعد اور ضوابط کے تحت کمپنی کا/ کی ڈائریکٹر بننے کا/ کی نااہل نہیں ہے؛
  ii. وہ سات لسٹڈ کمپنیوں سے زیادہ کے/ کی ڈائریکٹر کی حیثیت سے خدمات انجام نہیں دے رہا/ رہی؛
  iii. نہ تو وہ اور نہ ہی اس کا/ کی شریک حیات بروکریج کے بزنس میں مصروف ہے یا کسی کارپوریٹ بروکریج ہاؤس کا/ کی سپانسر، ڈائریکٹر یا آفیسر ہے۔
  iv. وہ، کمپنیز ایکٹ، 2017، کمپنی کے میمورینڈم اینڈ آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن، پاکستان سٹاک ایکسچینج لمیٹڈ کے ضابطوں اور دیگر قابل اطلاق قوانین، قواعد اور ضوابط کے تحت اپنے فرائض اور اختیارات سے آگاہ ہے۔
i) انتخاب لڑنے کا خواہش مند کوئی ممبر کوئی ایسی ایک کیٹگری منتخب کر سکتا/ سکتی ہے جس میں وہ ڈائریکٹرز کا الیکشن لڑنا چاہتا/ چاہتی ہے۔ بیک وقت ایک سے زیادہ کیٹگریز میں نامزدگیوں کی صورت میں صرف ایک کیٹگری کو قبول کیا جائے گا۔ کمپنی کے ڈائریکٹرز کے انتخاب کے مقاصد کے لیے ووٹنگ مندرجہ ذیل تین کیٹگریز میں الگ الگ ہوگی۔
  i. خاتون ڈائریکٹر
  ii. انڈیپنڈنٹ ڈائریکٹرز
  iii دیگر ڈائریکٹرز

کوئی ممبر مذکورہ بالا ہر کیٹگری میں انتخاب لڑنے والے کسی امیدوار کو اپنی صوابدید کے مطابق ووٹ دے سکتا ہے۔ تاہم، اس بات کو نوٹ کیا جائے کہ کسی کیٹیگری کے لیے ہر ممبر کو دستیاب ووٹوں کی تقسیم، ہر کیٹگری کے تحت ڈائریکٹرز کی نشستوں کی تعداد کے تناسب سے ہوگی۔ اگر ایسے ممبرز کی تعداد، جنھوں نے ہر کیٹگری میں خود کو پیش کیا ہے، ہر کیٹگری میں منتخب کیے جانے والے ڈائریکٹرز کی تعداد سے زیادہ نہیں ہے تو ایسے ممبرز ووٹ ڈالنے کے عمل کے بغیر بلا مقابلہ منتخب ہو جائیں گے۔

j) امیدواروں سے گزارش ہے کہ وہ ڈائریکٹرز کے انتخاب کے بارے میں متعلقہ دفعات/ ضروریات کو پڑھ لیں، جیسا کہ کمپنیز ایکٹ، 2017 اور لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشنز 2019 اور دیگر قابل اطلاق قوانین اور ضابطوں میں صراحت کی گئی ہے اور ان کی لفظی ومعنوی تعمیل کو یقینی بنائیں۔

4. **سالانہ اجلاس عام میں شرکت:** اجلاس میں شرکت کرنے اور ووٹ دینے کے اہل تمام ممبرز اپنی جانب سے شرکت اور ووٹ دینے کے لیے کسی دوسرے فرد کو تحریری طور پر اپنا نمائندہ مقرر کر سکتے ہیں نمائندے کے لیے کمپنی کا ممبر ہونا ضروری ہے۔ کارپوریٹ اداروں کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد / پاور آف اٹارنی مع اس شخص کے دستخط نمونہ جسے کارپوریٹ ادارے کی طرف سے نمائندگی اور ووٹ دینے کے لیے نامزد کیا گیا ہے اور سی این آئی سی کی تصدیق شدہ کاپی، مکمل شدہ پراکسی فارم کے ساتھ اجلاس میں کمپنی کو پیش کی جائے گی۔ پراکسی ہولڈرز کے لیے ضروری ہے کہ وہ اپنا اصل کارآمد CNICs یا اصل پاسپورٹ اجلاس کے وقت پیش کریں۔

موثر ہونے کے لیے، مناسب طریقے سے پُر اور دستخط شدہ پراکسی فارم اجلاس کے انعقاد کے وقت سے کم از کم 48 گھنٹے قبل کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر کو مل جائیں۔

CDC اکاؤنٹ ہولڈرز کو مندرجہ ذیل مزید رہنما اصولوں پر بھی عمل کرنا ہوگا جو اس ضمن میں سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی طرف سے طے کیے گئے ہیں۔

a) اجلاس میں شرکت کے لیے:
  i. افراد کی صورت میں، اکاؤنٹ ہولڈر یا سب اکاؤنٹ ہولڈر جس کی سیکیورٹیز اور رجسٹریشن کی تفصیلات سنٹرل ڈیپازٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ کے ضوابط کے مطابق اپ لوڈیڈ ہوں، وہ سالانہ اجلاس عام میں شرکت کے وقت اپنا اصلی کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا اصل پاسپورٹ دکھا کر شناخت کی توثیق کرے گا/ کرے گی۔
  ii. CDC میں رجسٹرڈ ممبرز سے یہ گزارش بھی کی جاتی ہے کہ وہ اپنے کوائف، آئی ڈی نمبرز اور سی ڈی ایس کے اکاؤنٹ نمبرز ہمراہ لائیں
  iii. کاروباری ادارے کی صورت میں سالانہ اجلاس عام کے موقع پر بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ مختار نامہ، نامزد فرد کے دستخط کے نمونے کے ساتھ پیش کرنا ہوگا (اگر اس سے پہلے فراہم نہیں کیے گئے)
b) نمائندہ کی تقرری کے لیے:
  i. افراد کی صورت میں، اکاؤنٹ ہولڈرز یا سب اکاؤنٹ ہولڈرز جن کی رجسٹریشن کی تفصیلات ضابطوں کے مطابق اپ لوڈیڈ ہیں، مذکورہ بالا تقاضوں کے مطابق نمائندگی نامہ پیش کریں گے۔
  ii. اصل مالکان اور پراکسی کے کارآمد شناختی کارڈ یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ کاپیاں نمائندگی نامہ کے ساتھ پیش کی جائیں گی۔
  iii. پراکسی، اجلاس کے وقت اصل کارآمد شناختی کارڈ یا اصل پاسپورٹ پیش کرے گا۔
  iv. کاروباری ادارے کی صورت میں اجلاس کے موقع پر نمائندگی نامے کے ہمراہ بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ مختار نامہ، مع نمائندے کے دستخط کے نمونے کمپنی کو پیش کرنا ہوں گے (اگر اس سے پہلے پیش نہیں کیے گئے)۔
  v. نمائندگی نامہ کی گواہی دو افراد دیں گے، جن کے نام، پتہ اور کارآمد شناختی کارڈ نمبرز فارم پر درج ہوں گے۔

5. **پوسٹل بیلٹنگ کے ذریعے ووٹ دینا:** کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز، 2018 کے مطابق اور کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشنز 143 اور 144 سے بھی مشروط، کسی بھی خصوصی کارروائی اور ڈائریکٹرز کے انتخاب کے مقصد کے لیے اگر خود کو منتخب کرانے کے لیے پیش کرنے والے افراد کی تعداد ڈائریکٹرز کی اس تعداد سے زیادہ ہے جو کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن (1)159 کے تحت مقرر کردہ ہے تو ممبرز کو مذکورہ بالا ریگولیشنز میں شامل ضروریات اور طریقہ کار کے مطابق پوسٹل بیلٹ یا بذریعہ ای- ووٹنگ اپنا ووٹ کا حق استعمال کرنے کی اجازت ہوگی۔ کمپنی، سالانہ اجلاس عام سے کم از کم سات دن پہلے اخبارات میں الیکٹرانک ووٹنگ کا طریقہ کار اور پوسٹل بیلٹ پیپرز فراہم کرے گی اور یہ کمپنی کی ویب سائیٹ www.interloop-pk.com پر بھی اپ لوڈ کرے گی۔ ممبرز سے گزارش ہے کہ وہ اپنے نام، فولیو/ سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر، ای میل ایڈریس اور رابطہ نمبر کے ساتھ اپنی تفصیلات کمپنی کے شیئر رجسٹرار، میسرز سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، سی ڈی سی ہاؤس، B-99، بلاک B، ایس ایم سی ایچ ایس، مین شاہراہِ فیصل، کراچی- 74400 کو اپ ڈیٹ کریں۔

6. **سی این آئی سی کی کاپیاں لازمی پیش کرنا:** بحوالہ سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) کا نوٹیفکیشن، 2011(1)SRO 779 مورخہ 18 اگست، 2011، جن ممبرز/ شیئر ہولڈرز نے ابھی تک اپنے کارآمد سی این آئی سی کی فوٹو کاپی جمع نہیں کروائی وہ جلد سے جلد یہ کاپی براہ راست کمپنی کے شیئر رجسٹرار، میسرز سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، سی ڈی سی ہاؤس، B-99، بلاک B، ایس ایم سی ایچ ایس، مین شاہراہِ فیصل، کراچی- 74400 کو بھیجیں۔ کارآمد سی این آئی سی کی کاپی نہ ملنے اور ایس ای سی پی کے مذکورہ بالا S R O کی عدم تعمیل کی صورت میں کمپنی مستقبل میں منافع منقسمہ، اگر کوئی ہو، کی منتقلی کو روک لینے پر مجبور ہوگی۔

7. **بزریعہ بینک منافع کی لازمی ادائیگی:** کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن 242 کے مطابق ممبرز سے گزارش ہے کہ وہ اپنا نقد منافع منقسمہ براہ راست اپنے بینک اکاؤنٹ میں وصول کرنے کے لیے بینک کے نام، بینک برانچ کے پتہ اور انٹرنیشنل بینک اکاؤنٹ نمبر (IBAN) سمیت اپنے سی این آئی سی اور بینک اکاؤنٹ کی تفصیلات فراہم کریں۔ ان تمام ممبرز کو جنھوں نے ابھی تک سی این آئی سی اور بینک اکاؤنٹ کی تفصیلات فراہم نہیں کیں، ایک بار پھر یاددہانی کروائی جاتی ہے کہ وہ فوری طور سے اپنے سی این آئی سی کی ایک کاپی اور صحیح طریقے سے پُر کیا ہوا "ڈیویڈنڈ بینک مینڈیٹ فارم" کمپنی کے شیئر رجسٹرار یا براہ راست کمپنی کو پیش کریں۔ کارآمد بینک اکاؤنٹ کی تفصیلات اور سی این آئی سی کی عدم موجودگی میں ایکٹ کی دفعات اور کمیشن کی طرف سے ان کے تحت وضع کردہ ضابطوں پر عمل کرتے ہوئے منافع منقسمہ کی رقم روک لی جائے گی۔ "ڈیویڈنڈ بینک مینڈیٹ فارم" کمپنی کی ویب سائیٹ www.interloop-pk.com پر دستیاب ہے۔ جن ممبرز کے شیئرز سی ڈی سی اکاؤنٹس میں ہیں ان کے لیے ضروری ہے کہ وہ اپنے متعلقہ پارٹیسپینٹس کو بینک مینڈیٹ فراہم کریں۔

8. **انکم ٹیکس آرڈیننس 2001 ("انکم ٹیکس آرڈیننس") کے سیکشن 150 کے تحت منافع منقسمہ سے انکم ٹیکس کی کٹوتی:** گوشوارے جمع کروانے اور گوشوارے جمع نہ کروانے والوں کے لیے ودہولڈنگ ٹیکس کی کٹوتی کی شرحیں، جیسا کہ انکم ٹیکس آرڈیننس کے سیکشن 150، 2001 میں تجویز کیا گیا ہے، مندرجہ ذیل ہیں:

انکم ٹیکس گوشوارے جمع کرانے والوں کے لیے 15.00%
انکم ٹیکس گوشوارے جمع نہ کرانے والوں کے لیے 30.00%

جوائنٹ اکاؤنٹ ہولڈرز کی صورت میں منافع منقسمہ پر ودہولڈنگ ٹیکس

جن ممبرز کی فائیلرز اور نان فائیلرز کے پاس جوائنٹ شیئر ہولڈنگ ہے ان کے ساتھ الگ الگ برتاؤ کیا جائے گا اور اس قسم کی مخصوص صورت حال میں ہر اکاؤنٹ ہولڈر کو فائیلر یا نان فائیلر باور کیا جائے گا اور اس کی شیئر ہولڈنگ کے مطابق ٹیکس منہا کیا جائے گا۔ اگر شیئر کے بارے میں پتہ چلانا ممکن نہ ہو تو پھر ہر اکاؤنٹ ہولڈر کے بارے میں یہ سمجھا جائے گا کہ ان کے پاس شیئرز کا مساوی حصہ ہے اور اسی لحاظ سے کٹوتی کی جائے گی۔ لہٰذا، زیادہ شرح سے ٹیکس کی کٹوتی سے بچنے کے لیے جوائنٹ اکاؤنٹ ہولڈرز سے گزارش ہے کہ وہ زیادہ سے زیادہ سالانہ اجلاس عام کی تاریخ تک اپنی شیئر ہولڈنگ کی مندرجہ تفصیلات کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو فراہم کریں۔

فولیو نمبر/CDC اکاؤنٹ نمبر	شیئرز کی کل تعداد	بڑے شیئر ہولڈر کا نام اور CNIC نمبر	شیئر ہولڈنگ	جوائنٹ شیئر ہولڈرز کا نام اور CNIC نمبر	شیئر ہولڈنگ

ودہولڈنگ ٹیکس سے استثناء کے لیے کارآمد ٹیکس استثناء سرٹیفکیٹ

انکم ٹیکس آرڈیننس، 2001 کے سیکشن 150 کے تحت ودہولڈنگ ٹیکس سے استثناء کے لیے ایک کارآمد ٹیکس استثناء سرٹیفکیٹ ضروری ہے۔ جو ممبرز انکم ٹیکس آرڈیننس، 2001 کے سیکنڈ شیڈول کے پارٹ IV کی شق 47B کے تحت کوالیفائی کرتے ہیں اور استثناء حاصل کرنے کے خواہش مند ہیں وہ کھاتے کی بندش کی تاریخ سے قبل ٹیکس سے استثناء کے اپنے کارآمد سرٹیفکیٹ کی کاپی شیئر رجسٹرار کو لازمی فراہم کریں ورنہ قابل اطلاق قانون کے مطابق ٹیکس منہا کیا جائے گا۔

9. **کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن 244 کے تحت غیر دعویدار منافع منقسمہ / شیئرز:** کمپنی کے غیر دعویدار منافع منقسمہ/ شیئرز کی updated فہرست کمپنی کی ویب سائیٹ www.interloop-pk.com پر دستیاب ہے۔ یہ غیر دعویدار ڈیویڈنڈ/ شیئرز ہیں جو اُس تاریخ سے جب یہ واجب اور قابل ادائیگی تھے، تین (3) سال سے غیر دعویدار اور غیر ادا شدہ چلے آ رہے ہیں۔ شیئر ہولڈرز سے گزارش ہے کہ وہ اس امر کو یقینی بنائیں کہ غیر دعویدار ڈیویڈنڈ اور شیئرز کے لیے ان کے کلیمز بروقت داخل ہوں۔ جو شیئر ہولڈرز کسی وجہ سے اپنا ڈیویڈنڈ، اگر کوئی ہے، کلیم نہیں کر سکے انھیں مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ ہمارے شیئر رجسٹرار، میسرز سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، سی ڈی سی ہاؤس، B-99، بلاک B، ایس ایم سی ایچ ایس، مین شاہراہِ فیصل، کراچی- 74400 سے رابطہ کریں اور اپنے غیر دعویدار منافع منقسمہ وصول کریں / اس کے بارے میں معلوم کریں۔ اگر کوئی کلیم داخل نہیں کیا جاتا ہے تو کمپنی غیر دعویدار / غیر ادا شدہ منافع اکاؤنٹ میں ڈیپازٹ کرانے کی کارروائی عمل میں لائے گی اور اسے کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن (2) 244 کے مطابق وفاقی حکومت کی تحویل میں دے دے گی۔

10. **ویڈیو کانفرنس سہولت کے لیے رضامندی:** کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن (2)132 اور سیکشن (b)134 کے مطابق اگر کمپنی کو اجلاس کی تاریخ سے کم از کم سات (7) دن قبل مختلف جغرافیائی محل وقوع پر رہنے والے ایسے شیئر ہولڈرز کی طرف سے، جن کے پاس مجموعی طور پر 10% یا اس سے زیادہ شیئر ہولڈنگ ہے، ویڈیو کانفرنس کے ذریعے اجلاس میں شرکت کی رضامندی موصول ہو تو کمپنی اس شہر میں ویڈیو کانفرنس سہولت کا انتظام کرے گی بشرطیکہ اس شہر میں اس قسم کی سہولت دستیاب ہو۔ اس سہولت سے فائدہ اٹھانے کے لیے برائے مہربانی مندرجہ ذیل معلومات کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر کو پیش کریں۔

میں/ ہم------------------ جن کا تعلق------------------ سے ہے، انٹرلوپ لمیٹڈ کے ممبر ہونے کے ناتے ------------------
آرڈینری شیئرز کے مالک کی حیثیت سے رجسٹرڈ، فولیو/ CDC اکاؤنٹ نمبر------------------ ویڈیو کانفرنس کی سہولت حاصل کرنا چاہتے ہیں شہر کا نام------------------

------------------ ممبر کے دستخط

11. **آڈٹ شدہ مالی حسابات / نوٹسز کی ای میل کے ذریعے ترسیل:** ممبرز کو مطلع کیا جاتا ہے کہ SECP SRO 787(1)/2014 مورخہ 8 ستمبر، 2014 کے مطابق اور کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن (6)223 کے تحت آڈٹ شدہ مالی حسابات اور سالانہ اجلاس عام کے نوٹس ای میل کے ذریعے الیکٹرانک فارمیٹ میں بھیجنے کی اجازت دے دی گئی ہے۔

جو ممبرز مذکورہ بالا تقاضوں کی تعمیل کرتے ہوئے سالانہ رپورٹ 2023 الیکٹرانک شکل میں وصول کرنا چاہتے ہیں وہ اس SRO پر عمل کرتے ہوئے کمپنی کی ویب سائیٹ www.interloop-pk.com پر دستیاب فارم کے مطابق درخواست دے سکتے ہیں۔ جن ممبرز نے سالانہ رپورٹ 2023 وصول کرنے کی رضامندی دی ہے وہ ہارڈ کاپی سمیت کسی دوسرے میڈیا کی درخواست بھی کر سکتے ہیں جو انھیں سات (7) یوم کے اندر مفت فراہم کی جائے گی۔

12. **سالانہ آڈٹ شدہ مالی حسابات کی CD/DVD/USB کے ذریعے ترسیل:** ایس ای سی پی نے اپنے SRO 470(I)/2016 مورخہ 31 مئی، 2016 کے ذریعے کمپنیوں کو اپنے ممبرز کو ان کے رجسٹرڈ پتہ پر سالانہ آڈٹ شدہ مالی حسابات بذریعہ CD/DVD/USB تقسیم کرنے کی اجازت دے دی ہے۔ کمپنی نے مذکورہ بالا کے پیش نظر شیئر ہولڈرز کو اپنی سالانہ رپورٹ CD/DVD کی شکل میں ارسال کی ہے۔ کوئی بھی ممبر، سالانہ رپورٹ کی پرنٹ شدہ کاپی کے لیے معیاری درخواست فارم پر درخواست بھیج سکتا ہے جو اس کی ویب سائیٹ www.interloop-pk.com پر انویسٹر انفارمیشن سیکشن کے تحت دستیاب ہے۔ ایس ای سی پی نے بذریعہ اپنے SRO 389(I)/2023 مورخہ 21 مارچ، 2023 کمپنیوں کو یہ اجازت دی ہے کہ وہ اپنے ممبرز کو سالانہ آڈٹ شدہ حسابات بذریعہ QR enabled کوڈ اور ویب لنک ارسال کر سکتے ہیں۔ ٹیکنالوجی کی ترقی اور پرانی ٹیکنالوجی کے فرسودہ ہو جانے کے پیش نظر سالانہ مالی حسابات کی بذریعہ CD/DVD/USB ترسیل مستقبل میں، شیئر ہولڈرز کی منظوری سے مشروط، ختم ہو سکتی ہے۔

13. **مالی حسابات ویب سائیٹ پر ڈالنا:** 30 جون، 2023 کو ختم ہونے والے سال کے لیے کمپنی کے مالی حسابات مع رپورٹس، کمپنی کی ویب سائیٹ www.interloop-pk.com پر ڈال دی گئی ہیں۔

14. **پتہ میں تبدیلی اور زکوٰۃ نہ کاٹنے کے لیے حلف نامہ سے آگاہ کرنا:** شیئر ہولڈرز سے گزارش ہے کہ وہ اپنے رجسٹرڈ پتوں میں کسی تبدیلی کی فوری اطلاع دیں اور اگر قابل اطلاق ہے تو کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو زکوٰۃ کی عدم کٹوتی کے بارے میں اپنے ڈیکلریشن فراہم کریں۔ جن ممبرز کے شیئرز CDC/ پارٹیسپینٹ اکاؤنٹس میں ہیں ان کے لیے ضروری ہے کہ وہ اپنے پتہ اپ ڈیٹ کریں اور زکوٰۃ کی عدم کٹوتی کے لیے، اگر قابل اطلاق ہو، اپنا حلف نامہ CDC یا اپنے متعلقہ پارٹیسپینٹس کو دیں۔

کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن (3)166 کے تحت سٹیٹمنٹ

نوٹس کا ایجنڈا آئٹم نمبر 5 ڈائریکٹرز کا انتخاب:

کوئی بھی شخص جو سیکشن 153 کے تحت اہل ہے اور کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن (2)166 اور کمپنیز (Manner اینڈ سلیکشن آف انڈیپنڈنٹ ڈائریکٹرز) ریگولیشنز، 2018 کے طریقہ کار پر پورا اترتا ہے، کمپنی کے انڈیپنڈنٹ ڈائریکٹر کی حیثیت سے منتخب ہونے کے لیے اپنی نامزدگی پیش کر سکتا/ سکتی ہے۔ تاہم، یہ ذکر کرنا ضروری ہے کہ ڈائریکٹرز اسی طریقے سے منتخب ہوں گے جیسا کہ کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن 159 کی مطابقت سے دوسرے ڈائریکٹرز منتخب ہوتے ہیں۔

انتخاب میں حصہ لینے والے ڈائریکٹرز کی حتمی فہرست سیکشن (4)159 کے مطابق اجلاس کی تاریخ سے کم از کم سات (7) روز قبل اخبار میں شائع کی جائے گی۔ مزید برآں، کمپنی کی ویب سائیٹ بھی ہر ڈائریکٹر کی مطلوبہ معلومات کے ساتھ اپ ڈیٹ کی جائے گی۔ امیدواروں سے گزارش ہے کہ وہ ڈائریکٹرز کے انتخاب کے بارے میں متعلقہ دفعات/ ضروریات کو پڑھ لیں جیسا کہ کمپنیز ایکٹ، 2017 اور لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشنز، 2019 اور دیگر قابل اطلاق قوانین اور ضابطوں میں صراحت کی گئی ہے اور ان کی لفظی ومعنوی تعمیل کو یقینی بنائیں۔ برائے مہربانی اضافی معلومات کے لیے اس نوٹس کا note no.3 ملاحظہ کریں۔

مذکورہ بالا بزنس میں کسی بھی ڈائریکٹر کا کمپنی کے شیئر ہولڈر کی حیثیت کے سوا دوسرا کوئی بلاواسطہ یا بالواسطہ کوئی مفاد نہیں ہے اور وہ اہلیت کا طریقہ کار پورا کرنے کی شرط کے ساتھ ڈائریکٹرز کا انتخاب لڑ سکتے ہیں۔

کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن (3)134 کے مطابق خصوصی کارروائی سے متعلق مادی حقائق کا سٹیٹمنٹ

یہ سٹیٹمنٹ AGM کے اس نوٹس میں ایجنڈا آئٹم نمبر 7 سے 13 تک میں مذکور خصوصی کارروائیوں سے متعلق مادی حقائق کی صراحت کرتا ہے، جن کو نمٹانے کے لیے کمپنی کے AGM میں غور کیا جائے گا۔ اس سٹیٹمنٹ کا مقصد خصوصی امور سے متعلق مادی حقائق کو سامنے لانا ہے۔

نوٹس کا ایجنڈا آئٹم نمبر 7:

کمپنی کے منظور شدہ شیئر کیپیٹل میں اضافہ، جسے خصوصی قرارداد کی حیثیت سے منظور کیا جانا ہے:

رائٹ، بونس اور دیگر کے عوض مستقبل میں شیئرز کے اجراء پر غور کے لیے کمپنی کو مناسب سبقت فراہم کرنے کی خاطر، کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی طرف سے 07 ستمبر 2023 کو منعقدہ اجلاس میں یہ تجویز پیش کی گئی/ سفارش کی گئی کہ کمپنی کے شیئر ہولڈرز کی منظوری سے مشروط، کمپنی کا منظور شدہ شیئر کیپیٹل 10 روپے (دس روپے) فی آرڈینری شیئر کی برائے نام قدر کے 1,500,000,000 (ایک بلین پانچ سو ملین) شیئرز میں منقسم 15,000,000,000 روپے (مبلغ پندرہ بلین روپے صرف) کے موجودہ شیئر کیپیٹل کو بڑھا کر 10 روپے (دس روپے) فی آرڈینری شیئر کی برائے نام قدر کے 5,000,000,000 (پانچ بلین) شیئرز میں منقسم 50,000,000,000 روپے (مبلغ پچاس بلین روپے صرف) کر دیا جائے۔

کمپنی کے منظور شدہ شیئر کیپیٹل میں مجوزہ اضافے کے لیے کمپنی کے میمورینڈم آف ایسوسی ایشن کی شق V میں ترامیم کرنا بھی ضروری ہوگا۔ مجوزہ شق کے ساتھ موجودہ شق کا موازنہ مندرجہ ذیل ہے:

صراحت	موجودہ	مجوزہ
میمورینڈم آف ایسوسی ایشن کی شق V	" کمپنی کا مجاز سرمایہ -/10 روپے (دس روپے) فی کے 1,500,000,000 (ایک بلین پانچ سو ملین) آرڈینری شیئرز میں منقسم -/15,000,000,000 روپے (مبلغ پندرہ بلین روپے صرف) ہے، جس کے ساتھ ایسے ترجیحی، التوائی، کوالیفائیڈ یا خصوصی حقوق، مراعات اور شرائط منسلک ہیں، جن کا ذکر کمپنی کے آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن میں کیا گیا ہے یا وہ کمپنیز ایکٹ، 2017 سے مطابقت رکھتی ہیں اور ان حقوق، مراعات اور شرائط کو اس طریقے سے مختلف، تبدیل یا منسوخ کرتی ہیں اور سرمائے کو بڑھانا اور/ یا کم کرنا اور شیئرز کو کیپیٹل میں تقسیم کرنا، ان کی کئی لحاظ سے درجہ بندی کرنا اور شیئرز کو مربوط یا ان کی ذیلی تقسیم کرنا اور زیادہ یا کم فرق کے شیئرز جاری کرنا "	" کمپنی کا مجاز سرمایہ -/10 روپے (دس روپے) فی کے 5,000,000,000 (پانچ بلین) آرڈینری شیئرز میں منقسم 50,000,000,000 روپے (مبلغ پچاس بلین روپے صرف) ہے جس کے ساتھ ایسے ترجیحی، التوائی، کوالیفائیڈ یا خصوصی حقوق، مراعات اور شرائط منسلک ہیں، جن کا ذکر کمپنی کے آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن میں کیا گیا ہے یا وہ کمپنیز ایکٹ، 2017 سے مطابقت رکھتی ہیں اور ان حقوق، مراعات اور شرائط کو اس طریقے سے مختلف، تبدیل یا منسوخ کرتی ہیں اور سرمائے کو بڑھانا اور/ یا کم کرنا اور شیئرز کو کیپیٹل میں تقسیم کرنا، ان کی کئی لحاظ سے درجہ بندی کرنا اور شیئرز کو مربوط یا ان کی ذیلی تقسیم کرنا اور زیادہ یا کم فرق کے شیئرز جاری کرنا "

اس خصوصی بزنس میں کمپنی کے کسی بھی ڈائریکٹر کا کمپنی کے شیئر ہولڈر کی حیثیت کے سوا دوسرا کوئی بلاواسطہ یا بالواسطہ کوئی مفاد نہیں ہے۔

نوٹس کا ایجنڈا آئٹم نمبر 8:

محفوظات کے استعمال سے متعلق کمپنی کے آرٹیکل آف ایسوسی ایشن کے آرٹیکل 129 کو بالترتیب آرٹیکلز 129A اور 129B سے تبدیل کرنا:

آرٹیکل 129 کی موجودہ تعریف وضاحت کرتی ہے کہ محفوظات کے استعمال کے لیے عام اجلاس میں ممبرز کی طرف سے منظوری لازمی ہے۔ کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز نے قانونی تقاضوں کو آسان بنانے اور لاگت و وقت کی بچت سمیت بہتر گورننس کے لیے موجودہ آرٹیکل 129 کو بالترتیب آرٹیکلز 129A اور 129B سے تبدیل کرنے کی سفارش کی ہے۔

کمپنی کے آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن کے موجودہ آرٹیکل 129 کا مجوزہ آرٹیکلز 129A اور 129B سے موازنہ:

موجودہ آرٹیکل	مجوزہ آرٹیکل
محفوظات کا استعمال	محفوظات کا استعمال
" 129، بورڈ کی سفارش پر اجلاس عام قرارداد کے ذریعے قرار دے سکتا ہے کہ کمپنی کا کوئی غیر تقسیم شدہ منافع (بشمول، کسی ریزرو یا ریزروز یا دیگر خصوصی اکاؤنٹس یا شیئرز کے اجراء پر وصول کردہ پریمیمز کی نمائندگی کرنے والے اور کریڈٹ آف دی شیئر پریمیم اکاؤنٹ میں کریڈٹ کے لیے اور رکے ہوئے یا کمپنی کے اثاثوں یا goodwill کے realized یا unrealized اضافے سے پیدا ہونے والے ریزرو یا دوسری انڈرٹیکنگز میں مفادات کے حصول/ فروخت سے ملنے والے فوائد کو استعمال کیا جا سکتا ہے) اس قسم کا capitalized اور غیر تقسیم شدہ منافع اور ریزروز ایسے شیئر ہولڈرز میں تقسیم کیے جائیں گے جو انھیں اس طرح سے وصول کرنے کے مستحق ہوں گے، جیسے یہ انھیں منافع منقسمہ کے طریقے سے اور اسی تناسب سے اس بنیاد پر تقسیم کیے گئے ہوں کہ وہ سرمائے کی حیثیت سے اس کے مستحق بنے۔ ایسے capitalized فنڈ پورا یا اس کا کوئی حصہ ایسے شیئر ہولڈرز کی جانب سے کلی یا جزوی طور پر مساوی یا ایسے پریمیم پر ادائیگی کے لیے استعمال میں لایا جا سکتا ہے، جیسا کہ قرارداد میں کہا جائے گا۔ کمپنی کے کسی غیر جاری شدہ شیئرز یا debuntures کے لیے جو اس کی مطابقت سے تقسیم کیے جائیں گے اور اس قسم کی تقسیم یا ادائیگی کو ایسے شیئر ہولڈرز مذکورہ capitalized رقم میں اپنے مفاد کے مکمل اطمینان کے مطابق قبول کریں گے"۔	" 129A کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز یہ قرار دے سکتے ہیں کہ ایسی رقم کے کسی حصے کو استعمال کرنا ضروری ہے جو فی الوقت کمپنی کے کسی محفوظ اکاؤنٹ میں ہے یا جو نفع ونقصان کھاتے میں ہے یا کسی دوسری تقسیم کے لیے دستیاب ہے اور اس رقم کو ایسے ممبرز میں تقسیم کے لیے الگ کر دیا جائے، جو اس صورت میں اس کے مستحق ہوئے کہ یہ ان میں منافع منقسمہ کی حیثیت سے تقسیم کی گئی اور اسی تناسب سے اور اس شرط کے ساتھ تقسیم کی گئی کہ یہ نقد میں تقسیم نہیں کی جائے گی بلکہ یہ کمپنی کے بونس شیئرز یا debentures کی حیثیت سے ایسے ممبرز میں مذکورہ بالا تناسب سے مکمل غیر جاری شدہ شیئرز کے لیے استعمال میں لائی گئی یا اس مقصد کے لیے ادا کی گئی اور ڈائریکٹرز اس قرارداد کو موثر بنائیں گے"۔ " 129B، کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی طرف سے جب بھی اس قسم کی قرارداد، جس کا اوپر ذکر کیا گیا ہے، منظور کی جائے گی ڈائریکٹرز، کو اس غیر تقسیم شدہ منافع، جو استعمال کیا جائے گا، کی تمام تر تخصیص اور اطلاق اور تمام الاٹمنٹس اور مکمل ادا شدہ شیئرز یا debuntures اگر کوئی ہوں، جاری کرنے کا اختیار حاصل ہوگا اور وہ عام طور پر ایسے تمام افعال اور کام انجام دے گا جو اسے موثر بنانے کے لیے ضروری ہوں گے"۔

اس خصوصی بزنس میں کمپنی کے کسی بھی ڈائریکٹر کا کمپنی کے شیئر ہولڈر یا کمپنی کے ڈائریکٹرز کی حیثیت کے سوا دوسرا کوئی بلاواسطہ یا بالواسطہ کوئی مفاد نہیں ہے۔

بورڈ آف ڈائریکٹرز کا سٹیٹمنٹ: ہم، بورڈ آف ڈائریکٹرز کے ممبرز بذریعہ ہذا تصدیق کرتے ہیں کہ کمپنی کے میمورینڈم اینڈ آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن میں مجوزہ ترامیم/ ردوبدل، قابل اطلاق قوانین اور ریگولیٹری فریم ورک کے مطابق ہے۔

متعلقہ دستاویزات کی دستیابی: موجودہ اور ترمیم شدہ میمورینڈم اینڈ آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن کی ایک ایک کاپی، جن میں تجویز کردہ تبدیلیوں کی نشان دہی کی گئی ہے اور شناخت کے مقصد کے لیے اس پر کمپنی سیکریٹری کے دستخط ہیں، سالانہ اجلاس عام کی تاریخ سے پہلے کام کے آخری دن تک کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر میں کسی بھی کام کے دن صبح 9.00 بجے سے شام 5.00 بجے تک معائنہ کے لیے دستیاب ہے۔ یہ سالانہ اجلاس عام میں ممبرز کے ملاحظہ کے لیے بھی دستیاب ہوگی۔

نوٹس کا ایجنڈا آئٹم نمبر 9:

ممبرز کو QR enabled کوڈ اور ویب لنک کے ذریعے سالانہ آڈٹ شدہ مالی حسابات / سالانہ رپورٹ کی ترسیل

ٹیکنالوجی کی ترقی اور پرانی ٹیکنالوجی کے فرسودہ ہو جانے کو مدنظر رکھتے ہوئے سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان ("SECP") نے بذریعہ S.R.O. 389(I)/2023 مورخہ 21 مارچ، 2023 لسٹڈ کمپنیوں کو سالانہ رپورٹ (بشمول آڈٹ شدہ مالی حسابات، آڈیٹرز رپورٹ، ڈائریکٹرز رپورٹ، چیئرمین کی جائزہ رپورٹ) کمپنی کے ممبرز کو QR enabled کوڈ اور ویب لنک کے ذریعے بھیجنے کی اجازت دے دی ہے۔ ایس ای سی پی نے یہ اجازت بھی دی ہے کہ سالانہ مالی حسابات CD/DVD/USB کے ذریعے ارسال کرنے کا سلسلہ روک دیا جائے۔

مذکورہ بالا SRO کے مطابق، یہ کمپنی کے ممبرز کی منظوری سے مشروط ہے۔

ٹیکنالوجی کی ترقی سے بھرپور فائدہ اٹھانے اور ماحولیات و پائیداری کے بارے میں کمپنی کی کارپوریٹ سماجی ذمہ داری پوری کرنے کے لیے کمپنی مستقبل میں سالانہ رپورٹ CDs کے ذریعے تقسیم کرنے کا سلسلہ بند کرنا چاہتی ہے۔ چنانچہ، کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز نے سفارش کی ہے کہ کمپنی کے ممبرز کو سالانہ رپورٹ (بشمول سالانہ آڈٹ شدہ مالی حسابات، اور اس سے متعلق دیگر رپورٹس) QR enabled کوڈ اور ویب لنک کے ذریعے بھیجنے کی منظوری حاصل کرنے کے لیے ممبرز سے خصوصی قرارداد منظور کرائی جائے، جیسا کہ نوٹس میں بتایا گیا ہے۔ اس انتظام سے تمام ممبرز کو، خواہ وہ کہیں بھی ہوں، کمپنی کے مالی حسابات تک رسائی میں مدد ملے گی۔ اس کے علاوہ اس سے CDs کی تیاری کے لیے غیر ضروری خرچہ بھی کم ہوگا۔

یہاں یہ ذکر کرنا مناسب ہوگا کہ اگر کوئی ممبر سالانہ رپورٹ کی ہارڈ کاپی لینا چاہے تو مذکورہ بالا SRO کے مطابق ایسے ممبر کو اس رپورٹ کی پرنٹ شدہ کاپی بلا قیمت فراہم کی جائے گی۔ واضح طور پر یہ بتایا جا رہا ہے کہ اس حق / رعایت میں کوئی تبدیلی تجویز نہیں کی جا رہی۔

اس خصوصی بزنس میں کمپنی کے کسی بھی ڈائریکٹر کا کمپنی کے شیئر ہولڈر یا کمپنی کے ڈائریکٹرز کی حیثیت کے سوا دوسرا کوئی بلاواسطہ یا بالواسطہ کوئی مفاد نہیں ہے۔

نوٹس کا ایجنڈا آئٹم نمبر 10: ایکسر سائز پرائس کے ازسرنو تعین کے لیے ذیلی شق 10.2 کو شامل کرنا: کمپنی نے منظور شدہ انٹرلوپ ایمپلائز سٹاک آپشن سکیم، (ESOS) 2016 کے مطابق اپنے مستحق ملازمین کے لیے سٹاک آپشنز جاری کی ہیں اور مالی سال 22-2021 کے لیے 15 نومبر، 2022 کو بہتر بنائی گئی ESOS کے تحت پہلی آپشنز دی گئیں۔ یہ ویسٹنگ مدت کی تکمیل پر 63.80 روپے فی شیئر کی ایکسر سائز پرائس پر دی گئی ہیں۔

انتظامیہ، دی جانے والی آپشنز کے لیے ایکسر سائز پرائس کے ازسرنو تعین سمیت متعدد آپشنز پر غور کر رہی ہے تاکہ ملازمین کے لیے اس سکیم کو دلکش رکھا جائے۔ تاہم، منظور شدہ ESOS میں کوئی ایسی ظاہری دفعہ نہیں ہے جو بورڈ آف ڈائریکٹرز کو انتظامیہ کی طرف سے ایسی کسی تجویز پر غور کرنے کے قابل بنائے۔ چنانچہ، منظور شدہ سکیم میں شیئر ہولڈرز کی منظوری سے مشروط ایک نئی ذیلی دفعہ، 10.2 شامل کی جا رہی ہے جو کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کو یہ اختیار دے گی کہ وہ دی گئیں اور vested تمام آپشنز کی ازسرنو قدر مقرر کرے اور ایکسر سائز پرائس پر الاٹ کرنے کے فیصلہ کے روز آخری دن کی کلوزنگ مارکیٹ پرائس کے %10- تک امکانی نظر ثانی کرے۔

اس خصوصی بزنس میں کمپنی کے کسی ڈائریکٹر کا کمپنی کے شیئر ہولڈر یا کمپنی کے ڈائریکٹرز کی حیثیت کے سوا دوسرا کوئی بلاواسطہ یا بالواسطہ کوئی مفاد نہیں ہے، ماسوائے دو ایگزیکٹو ڈائریکٹرز کے، جنھیں گزشتہ سال کے دوران منظور شدہ ESOS کے تحت سٹاک آپشنز جاری کی گئیں۔

نوٹس کا ایجنڈا آئٹم نمبر 11:

ٹاپ سرکل ہوزری ملز کمپنی انکارپوریشن، یو ایس اے میں 64% ایکوئٹی سٹیک کا حصول

کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز نے طے کیا ہے کہ ٹارگٹ کمپنی یعنی ٹاپ سرکل ہوزری ملز کمپنی انکارپوریشن (ٹاپ)، یو ایس اے جو ریاست ہائے متحدہ امریکا کے قوانین کے تحت انکارپوریٹیڈ ہے، جہاں یہ رجسٹرڈ ہے، میں 64% ایکوئٹی کا مجوزہ حصول کمپنی اور اس کے شیئر ہولڈرز کے بہترین مفاد میں ہے اور بورڈ نے 07 ستمبر 2023 کو منعقدہ اپنے بورڈ اجلاس میں مذکورہ بالا قرارداد کی اتفاق رائے سے منظوری دی اور کمپنی کے شیئر ہولڈرز کو سفارش کی کہ وہ کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کو شیئر پرچیز ایگریمنٹس، شیئر ہولڈرز ایگریمنٹس اور/ یا تمام قانونی کارروائیاں جو کمپنی اور اس کے شیئر ہولڈرز کے بہترین مفاد میں ضروری اور ناگزیر ہوں، مکمل کرنے کے مزید اختیار کے ساتھ منظوری دیں۔

درج ذیل عوامل ٹاپ میں مجوزہ حصول کے لیے عقلی دلیل فراہم کرتے ہیں۔

☆ 1997 میں قائم ہونے والی ٹاپ سرکل ہوزری ملز کمپنی انکارپوریشن (ٹاپ) زیادہ تر امریکی کسٹمرز کو ہوزری مصنوعات مارکیٹ اور فروخت کرتی ہے۔ ٹاپ نے 1999 میں ایک سبسڈری یعنی شنگھائی Haolu ٹریڈنگ کمپنی لمیٹڈ قائم کی اور چین سے ہوزری مصنوعات کی سورسنگ شروع کی۔

☆ (ٹاپ) میں اکثریتی ایکوئٹی سٹیک کا حصول کمپنی کے تزویراتی مقاصد اور طویل المدت ترقی کے منصوبوں کے مطابق ہے۔ یہ اہم پیش رفت انٹرلوپ کی پوزیشن کو مارکیٹ میں مضبوط کرتی ہے۔ یہ (ٹاپ) کی مسلمہ مہارت اور مارکیٹ میں موجودگی سے فائدہ اٹھاتے ہوئے ٹیکسٹائل اور مینوفیکچرنگ انڈسٹری میں انٹرلوپ کی موجودگی کو وسیع کرنے کا ایک گراں قدر موقع پیش کرتی ہے۔ حصول کے حتمی تصفیہ میں (ٹاپ) میں 64% سٹیک کی خریداری شامل ہے۔

☆ PricewaterhouseCoopers (PwC) اور Haiwen & Partner نے مجوزہ سرمایہ کاری/ حصول کا احتیاط سے جائزہ لیا۔ کمپنی کے اٹارنیز نے یہ امر یقینی بناتے ہوئے موافق سفارش فراہم کی کہ معاہدے منصفانہ ہیں، کمپنی کے مفادات کی حفاظت کرتے ہیں، اور تمام متعلقہ ضابطوں کے مطابق ہیں۔ شرائط کی ایک دستاویز پر جس میں مجوزہ حصول کی شرائط اور ضوابط کی صراحت کی گئی، باہمی رضامندی کا اظہار کیا گیا، اس کا مناسب جائزہ لیا گیا اور کمپنی کے ثالثوں Womble Bond Dikinson کی طرف سے اسے حتمی شکل دی گئی۔

اس خصوصی بزنس میں کمپنی کے کسی ڈائریکٹر کا ماسوائے کمپنی کے شیئر ہولڈرز یا ڈائریکٹرز کی حیثیت کے، کوئی بلاواسطہ یا بالواسطہ مفاد نہیں ہے۔

نوٹس کا ایجنڈا آئٹم نمبر 12:

انٹرلوپ ایسوسی ایٹ کی مکمل ملکیتی سبسڈری سوکس اینڈ سوکس (پرائیویٹ) لمیٹڈ کے ساتھ ایسیٹ پرچیز ایگریمنٹ (APA) کرنے کا اختیار دینا:

میسرز سوکس اینڈ سوکس (پرائیویٹ) لمیٹڈ (S&S) میسرز انٹرلوپ ہولڈنگز (پرائیویٹ) لمیٹڈ کی کل ملکیتی سبسڈری ہے جو میسرز انٹرلوپ لمیٹڈ کی ایسوسی ایٹ ہے۔ S&S اپنے فکسڈ اثاثے فروخت کر رہی ہے جن میں 375 مشینوں کی تنصیب کا ایک مکمل سیٹ اپ شامل ہے جس میں سے 220 مشینیں پہلے ہی نصب کی جا چکی ہیں۔ میسرز انٹرلوپ لمیٹڈ کو آرڈرز بڑھ جانے کے نتیجہ میں گنجائش کی کمی کا سامنا ہے۔ پیداواری صلاحیت میں اضافے کے علاوہ ان اثاثوں کو خریدنے سے نئے سیٹ اپ اور تنصیب سے متعلق وقت اور لاگت میں بھی کمی آئے گی۔

کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن 207 اور/ یا 208 (جو بھی قابل اطلاق ہو) کے مطابق کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز نے 07 ستمبر، 2023 کو اپنے اجلاس میں میسرز سوکس اینڈ سوکس (پرائیویٹ) لمیٹڈ کا پراڈکشن پلانٹ خریدنے اور دوسرے اثاثوں کی منتقلی کے لیے اس کے ساتھ ایسیٹ پرچیز ایگریمنٹ (APA) کرنے کی خاطر بورڈ آف ڈائریکٹرز کی منظوری حاصل کرنے کے لیے کمپنی کے شیئر ہولڈرز کو یہ تجویز دی۔ ڈائریکٹرز کو اس قسم کے تعلق دار فریق میں اپنی شیئر ہولڈنگز اور / یا مشترکہ ڈائریکٹرشپس (جیسے بھی قابل اطلاق ہو) کی وجہ سے صرف قراردادوں میں دلچسپی ہے۔

نوٹس کا ایجنڈا آئٹم نمبر 13:

تعلق دار فریق سے لین دین کے لیے کمپنی کی طرف سے کیے گئے / یا کیے جانے والے انتظامات کی (قابل اطلاق حد تک) توثیق اور منظوری:

کمپنی عام طور پر تعلق دار فریقوں کے ساتھ اپنی پالیسیوں اور قابل اطلاق قوانین اور ضابطوں کے مطابق لین دین کرتی ہے۔ تعلق دار فریق کے ساتھ کسی مخصوص لین دین میں، جس میں ڈائریکٹرز کی اکثریت کی دلچسپی ہو کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن 207 اور/ یا 208، لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشنز، 2019 کے ریگولیشن 15 کو ساتھ ملا کر پڑھا جائے، (جس حد تک قابل اطلاق ہو) کے تحت ممبرز کی منظوری درکار ہوگی۔

کمپنی، تعلق دار فریقوں کے ساتھ معمول کے کاروبار میں لین دین کے ضمن میں اپنی منظور شدہ پالیسی کے مطابق کاروباری مفاد کی بنیاد پر لین دین اور انتظامات کرتی ہے۔ تعلق دار فریقوں کے ساتھ تمام لین دین / انتظامات کے لیے بورڈ آڈٹ کمیٹی کی منظوری کی ضرورت ہوتی ہے، جس کے سربراہ کمپنی کے ایک انڈیپنڈنٹ ڈائریکٹر ہیں۔ بورڈ آڈٹ کمیٹی کی سفارش پر اس قسم کے انتظامات / لین دین منظوری کے لیے بورڈ آف ڈائریکٹرز کے سامنے پیش کیے جاتے ہیں۔

کمپنی، 30 جون 2024 کو ختم ہونے والے سال کے دوران اپنے تعلق دار فریقوں کے ساتھ معمول کے کاروباری طریقے سے لین دین کرے گی۔ ڈائریکٹرز کی اکثریت کو ایسوسی ایٹڈ انڈرٹیکنگز میں اپنی مشترکہ ڈائریکٹرشپس کی وجہ سے دلچسپی ہے۔ شفاف کاروباری طور طریقوں کو فروغ دینے کے لیے شیئر ہولڈرز کے لیے ضروری ہے کہ وہ بورڈ آف ڈائریکٹرز کو تعلق دار فریقوں کے ساتھ وقتاً فوقتاً کیے جانے والے اور 30 جون، 2024 کو ختم ہونے والے سال کے لیے ایک ایک کیس کی بنیاد پر لین دین کی منظوری کا اختیار دیں، جس سے، بورڈ کی تشکیل سے قطع نظر، اور تعلق دار فریق سے کسی بھی ایسے لین دین میں جو شیئر ہولڈرز کے علم میں ہو، کمپنی کے ڈائریکٹرز کی کسی دلچسپی کے باوجود اور تعلق دار فریق کے ساتھ لین دین سے متعلق کمپنی کی پالیسی کے مطابق شیئر ہولڈرز کی طرف سے منظور سمجھا جائے گا۔

ممبرز سے مذکورہ بالا کی بنیاد پر گزارش ہے کہ وہ (ردوبدل کے ساتھ یا بغیر) خصوصی قراردادوں کو منظور کریں، جیسا کہ نوٹس میں کہا گیا ہے۔

ڈائریکٹرز کو ان قراردادوں میں، ایسے تعلق دار فریقوں میں صرف اپنی شیئر ہولڈنگز اور / یا مشترکہ ڈائریکٹرشپس میں (قابل اطلاق حد تک) دلچسپی ہے۔